فہرست مضامین

موسم سرما کی آمد ٢
موسم سرما کے لئے مقوی غذائیں ٤
ضروری اطلاعات ٥
کان کی بیماریاں ٧
مرض فالج یعنی ادھرنگ ٨
تجربات آیورویدک ٩
ہمارا مطب ١١
سنا وغیرہ ١٢
ٹنکچر آئیوڈین کا نیا استعمال ١٣
معارف طبیہ ١٤
صنعت و حرکت ١٨
اقوال الحکما ١٨
طبی لطیفے ٢٠
سوالات معہ جوابات ٢١

موسم سرما کی آمد

آج کل عرق ماءاللحم انگوری تازہ بتازہ نو بنو تیار ہو رہا ہے۔ جو کہ موسم سرما میں صحت برقرار رکھنے طاقت بڑھانے اور سردی سے محفوظ رہنے کے لئے خاص چیز ہے۔ سال بھر میں تھوڑی سی رقم اس ٹانک کے لئے صرف کرنا بہت بڑی کفایت شعاری ہے۔ مسلمان بھائیوں کو ماہ رمضان المبارک کے بعد خاص کر یہ ٹانک استعمال کرنا چاہیئے۔

بعض خریدار ریلوے پارسل منگا کر بلٹی کو واپس کر دیتے ہیں جس سے کارخانہ کو بہت نقصان پہنچتا ہے۔ لہٰذا قیمت کا کچھ حصہ پیشگی بھیج دیں۔ تاکہ فوری تعمیل کی جا سکے اور خط و کتابت میں دیر نہ لگے۔

آپ کے فائدے کی بات ۔عرق ماءاللحم بذریعہ پسنجر ٹرین منگوانے میں بہت کفایت رہتی ہے۔ اس لئے براہ کرم اپنے ریلوے اسٹیشن اور لائن کا نام صاف و خوشخط لکھیں۔ خریداروں کو آرڈر بھیجتے وقت پارسل کے وزن کا خیال کر لینا چاہیئے۔ ریلوے پارسل کتنا ہی چھوٹا کیوں نہ ہو۔ کرایہ ۲½ سیر وزن کا لگتا ہے۔ اس سے زائد پر ۵ سیر کا اور ۵ سیر سے زائد وزن پر ۱۰ سیر کا کرایہ چارج ہوتا ہے۔ ہمارے محترم خریدار جو ہر سال عرق ماءاللحم بذریعہ مسافر گاڑی منگواتے ہیں۔ انہیں کرایہ ریل کا بخوبی علم ہے۔ دیگر حضرات کی رہنمائی کے لئے ہم اپنے رجسٹر روانگی ادویات کے اندراجات ذیل کے مقامات کے لئے درج کرتے ہیں۔ جو اسٹیشن کے نزدیک آپ واقع ہوں اسی کے مطابق اندازہ کر لیجیئے اور محصول ڈاک سے مقابلہ کر لیجئے۔ محصول ڈاک ۲ بوتل ۱۱/۱/- ۳ بوتل 2/3/- اور ۴ بوتل کیلئے 2/11/ ہندوستان کی ہر جگہ کے لئے یکساں ہے۔ برخلاف اس کے کرایہ ریل ہر دور و نزدیک جگہ کے لئے مختلف ہوتا ہے چنانچہ کرایہ ریل ۲ بوتل کا پارسل (وزنی ۲½ سیر) سیالکوٹ ۶ گوجرانوالہ ۶ راولپنڈی ۶ کیمبلپور ۶ خیرپور ناتھن شاہ ۷ بدین ۹ ملتان ۶ لاڑکانہ ۷ رائے چور (دکن) ۱۵ جھانسی ۷ شولاپور ۱۴ حیدرآباد دکن ۸ انبالہ چھاؤنی ۶ کوئٹہ ۸ سرائے عالمگیر ۶ بمبئی (سنٹرل) ۱۳ ہے۔ ۴ بوتل کا پارسل (وزنی ۵ سیر) برہان پور ۸ خیرپور میرز ۱ مان بھوم ۱۲ جبلپور ۸ کالی کٹ ۹ بائیکلا بمبئی ۱ ہوسپٹ ۱۲ ناگپور ۱۲ پشاور ۶ ڈیرہ دون ۶ ٹرانکور ۹ کراچی ۱۳ مظفر گڑھ ۶ سورت ۱ کرنول ۶ پنڈ دادنخان ۶ حیدرآباد دکن ۸ بنگلور ۹ ۔ ۶ بوتل کا پارسل (وزنی ۸ سیر) ڈیرہ دون ۸ لاڑکانہ ۶ ملتان ۱۵ سرگودھا ۶ کوچین ۱۲ بنگلور ۱۲ کلکتہ ۶ کومبٹور ۱۲ منگلور ۱۲ چارج ہوتا ہے۔ ۱۲ بوتل کا پارسل (وزنی ۱۵ سیر) حیدرآباد دکن

۱۲ ڈیرہ دون ۱۰ کلکتہ ۱ لاڑکانہ ۵ کلابہ (بمبئی) سے رنگون سٹی ۱ تھانہ (جی - آئی - پی) سے میرٹھ شہر ۹ کرایہ ریل چارج ہوتا ہے ؎

آپ کا خدمتگذار :- مینیجر دواخانہ ڈاکٹر حکیم حاجی غلام نبی زبدۃ الحکما لاہور

پوری طاقت حاصل ہوگئی

مکرمی جناب حکیم صاحب تسلیم مع التکریم و تعظیم کے بعد عرض پرداز ہوں شروع جوانی یعنی ۱۹ برس کی عمر میں جبکہ میں کالج میں پڑھتا تھا میری شادی ہوئی تھی لیکن بدبخت کی وجہ سے جلق کے باعث ایسی نامردی ہوگئی تھی کہ عورت کے ساتھ ..... کے قابل نہیں تھا۔ لہذا میں نے زبدۃ الحکما ڈاکٹر حکیم حاجی غلام نبی صاحب کو اپنا پورا حال لکھا تھا۔ چنانچہ انہوں نے دو دوائیاں میرے لئے تجویز فرمائی تھیں۔ (۱) شربت مقوی اعصاب اندرونی خرابیاں رفع کرنے کیلئے (۲) طلائے نادر بیرونی نقائص دور کرنے کے لئے ہر دو ادویات چند روز تک برابر استعمال کرنے سے پوری طاقت حاصل ہوگئی تھی اور نامردی بالکل دور ہوگئی تھی کہ پرماتما کے فضل و کرم سے میرے دس اولادیں ہوئیں ؎

مورخہ ۲۵-۷-۳۹ بشمبر دیال منیجر پرتاب گڈھ

ہماری دواؤں نے مسیحائی کرشمہ دکھایا

جناب حکیم صاحب تسلیم بندہ نے آپ سے ۱۹۳۳ یا ۱۹۳۴ میں ایک جلق زدہ مریض کیلئے گولیاں (؟) اور شربت مقوی اعصاب منگوایا تھا جس سے ازحد فائدہ ہوا تھا

مورخہ ۱-۸-۳۹ بھورام گوجر منڈی عارف والا

دوستوں سے تذکرہ

ہم نے آپ کے دواخانہ سے ایک شیشی طلائے نادر منگوائی تھی جس سے مجھکو بہت فائدہ حاصل ہوا مجھے ایک عدد کا بہت پرانا مرض تھا لیکن خدا کے فضل سے اچھا ہوگیا میں نے اس فائدہ کا ذکر اپنے دوستوں سے کیا جنکو کچھ شکایت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شیشی ہمیں بھی منگا کر دو لہذا براہ مہربانی چار شیشی طلائے نادر بہت جلد روانہ فرمائیں۔ محمد یار خان پنگو مورخہ 21/39

ہر مہینہ مریضوں کی تازہ رپورٹیں شائع کی جاتی ہیں۔ اصل خطوط دفتر میں موجود ہیں۔ جو صاحب چاہیں آکر دیکھ سکتے ہیں ؎

علم الاغذیہ

موسم سرما کیلئے مقوی غذائیں

بہشتی لڈو۔ روا نصف سیر۔ بیسن نصف سیر۔ کھانڈ سیر۔ گھی نصف سیر۔ بادام مقشرہ ۵ تولہ۔ کشمش ۵ تولہ۔ الائچی کا سفوف ایک تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ کھویا نصف سیر۔

پہلے روے اور بیسن کو علیحدہ علیحدہ پاؤ پاؤ سیر گھی ڈالکر بھون لو۔ پھر کھویا بھی بھُون لو۔ اب نصف سیر کھانڈ کا گاڑھا گاڑھا شربت تیار کرو۔ بھُنا ہوا روا۔ بیسن اور کھویا اسمیں ڈالدو اور خوب اچھی طرح آمیز کرلو۔ پھر بادام کشمش اور الائچی اور زعفران کو دودھ میں پیس کر ملادو۔ کل مرکب سے لڈو بنا ڈالو۔

اخروٹ کا نان پاؤ دو پیالہ میدہ۔ ایک پیالہ دودھ۔ ایک پیالہ بھر اخروٹ کی گری ایک چمچہ بھر شربت۔ ایک چمچہ کھانڈ۔ ایک چمچہ کریم۔ ایک چمچہ بائی کاربونیٹ آف سوڈا۔ ایک چمچہ مکھن تمام خشک عناصر کو باہم آمیخت کرلو۔ پھر شربت دودھ اور مکھن کو ملادو اور ہلکی سی آنچ دو۔ اُس کے بعد اُسے خشک اجزا میں شامل کردو۔ مرکب ایک لچکدار مادہ سا بن جائیگا۔ سانچوں میں بھردو۔ اور نصف گھنٹہ سے لیکر پونے گھنٹہ تک آنچ دو۔ سانچوں کے ٹینوں کو مرکب بھرنے سے قبل خوب اچھی طرح چکنا کردینا چاہیئے۔ وگرنہ نان پاؤ کا اُن سے جُدا ہونا دشوار ہوگا۔

چھوارے کا نان پاؤ دو پیالہ میدہ۔ ایک پیالہ کترے ہوئے چھوارے۔ ایک چمچہ نمک نصف پیالہ لال کھانڈ۔ دو پیالے دودھ۔ ایک انڈا۔ چار چمچہ بیکنگ پوڈر۔ بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ میدہ میں نمک اور بیکنگ پوڈر ملادو۔ پھر چھوارے شامل کردو۔ اور اُوپر سے کھانڈ ڈالدو۔ انڈے کو دودھ میں ملاکر خوب اچھی طرح گھونٹ کر سانچوں میں بھر کر دس منٹ تک اسی حالت میں رہنے دو۔ اور پھر سوا گھنٹہ تک آنچ پر پختہ کردو۔

انڈے کا نان پاؤ ایک پیالہ گیہوں کا آٹا۔ ایک پیالہ تازہ دودھ۔ ایک پیالہ کھٹا دودھ۔ ایک انڈا۔ نصف چمچہ بیکنگ پاوڈر۔ نصف پیالہ میدہ۔ چوتھائی پیالہ کوئی شربت۔ تھوڑا سا نمک بنانے کی ترکیب:۔ آٹا اور میدہ اور سوڈے کو چھلنی میں چھان کر ملالو اور اس میں نمک شامل کردو۔ اب دودھ پھینٹے ہوئے انڈے اور شربت کو ملاڈ اور اُسے پہلے مرکب میں ملادو۔ خوب اچھیطرح ملا لینے کے بعد چکنے سانچوں میں ڈالکر نان پاؤ بنا ڈالو۔

ضروری اطلاعات

"حافظ صحت" سال بھر چار آنہ میں

ہمارے ایک کرمفرما و معاون جناب کپتان محمد حسین صاحب نے حافظ صحت کی علمی اور فنی خدمات سے متاثر ہو کر ہمیں بارہ آنہ سالانہ چندہ کی بجائے بارہ روپیہ بطور عطیہ مرحمت فرمائے ہیں۔ جناب موصوف کے اس اعانت کے لئے ہم صمیم قلب سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ یہ رقم بطور امانت رکھ لی گئی ہے۔ اور اس رقم سے ان اصحاب کے نام حافظ صحت سال بھر کے لئے جاری کر دیا جائیگا جو صرف چار آنہ کے ٹکٹ لفافہ میں بند کر کے جلد از جلد بھیج دیں۔ کیونکہ اس رعایت سے صرف وہی ۴۸ اصحاب فائدہ اٹھا سکیں گے۔ جن کے ٹکٹ ہمیں پہلے وصول ہوں گے۔ ہم نے چار آنہ برائے نام چندہ کی شرط محض اس لئے عائد کر دی ہے۔ کہ کپتان صاحب کے عطیہ سے زیادہ تعداد مستفید ہو جائے اور کوئی بلا ضرورت اسے مال مفت سمجھ کر نہ منگا سکے۔ علم دوست حضرات کو اس زرّیں رعایت سے جلد فائدہ اٹھائیں۔ اور آج ہی اپنی فرمائش حوالہ ڈاک کر دیں

ہماری مطبوعات

علم و عمل طب طبی حلقوں میں انتہائی وقعت کے ساتھ دیکھی جاتی ہے۔ ہماری تازہ مطبوعات جنسی امراض اور ان کا علاج اور آرائش جمال نے جو مقبولیت عامہ حاصل کی ہے۔ وہ کسی سے مخفی نہیں۔ جنسی امراض کرنل بھولا ناتھ آنجہانی کی آخری تصنیف ہے۔ اور اردو لٹریچر میں آج تک اس سے بہتر کتاب شائع نہیں ہو سکی۔ آرائش جمال زنانہ حسن و سنگار پر ایک بہترین تصنیف ہے۔ اسی طرح اب گھر کا ڈاکٹر یعنی ہوم ڈاکٹر عنقریب شائع ہونے والی ہے۔

ہوم ڈاکٹر

اس میں سر سے لے کر پاؤں تک تمام بیماریوں کی کیفیت، اسباب، علامات، تشخیص مرض انجام اور زُبرہدف یونانی و ڈاکٹری نسخے دلنشین اور آسان پیرایہ میں درج ہیں۔ یہ ایک جامع مکمل اور مستند گائیڈ ہے۔ جو گھریلو علاج کی تمام ضروریات کو پورا کر سکتی ہے اور اپنے مخصوص محاسن کی وجہ سے موجودہ صدی کی بہترین اُردو طبی کتاب شمار کی جائے گی۔ پس آج ہی اپنا نام رجسٹر خریداران میں درج کرالیں۔ ۳۰ نومبر تک قیمت بذریعہ منی آرڈر بھیجنے والوں کو محصول ڈاک معاف ہوگا ۳۰ نومبر کے بعد کوئی رعایت نہ دی جائیگی۔ ضخامت قریباً ۴۰۰ صفحات قیمت بلا جلد عہ مجلد ایک روپیہ آٹھ آنہ

اطبائے کرام اسے بغور پڑھیں

آج کل طب یونانی اور طب جدید یعنی ڈاکٹری اس قدر مخلوط ہو رہی ہے۔ کہ اُن کے اصول علاج اور تشخیص الامراض میں کوئی حدِ فاصل نہیں رہی۔ جہاں ڈاکٹر صاحبان کونین۔ سٹر کینیا۔ ٹنکچر آیوڈین۔ اسپرین وغیرہ استعمال کر رہے ہیں۔ وہاں طبیب حضرات بھی اپنے مریضوں کو یہ ڈاکٹری دوائیں دے رہے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ زمانہ حال میں طب جدید نے بعض ادویہ مفردہ کا تجزیہ کر کے اُن کے جزوِ موثرہ الگ کر لئے اور نئے نئے انکشافات سے دنیا کو محوِ حیرت بنا دیا۔ کوئی صحیح الدماغ شخص روز روشن میں اُن کے معجز نما اثرات سے انکار نہیں کر سکتا۔ اور کوئی وجہ نہیں کہ ہمارے اطبائے کرام ان مسیحائی اثرات سے محروم رہیں اور تحقیقاتِ جدیدہ سے آنکھیں بند کر کے بخل یا تنگ نظری کا ثبوت دیں۔ بے جا تعصب و تعلّی کے سبب علمی ترقیات سے فیضیاب نہ ہونا سخت نادانی اور جہالت ہے۔ جس طرح ڈاکٹر ہر مفید بات' ہر نئی ایجاد' اور ہر موثر دوا کو اپنی طب میں جذب کر لیتے ہیں۔ خواہ وہ چین کی ہو یا جاپان افریقہ اور ہندوستان کی۔ اُسی طرح ہمارا بھی حق ہے کہ اس مقدس اصول کی پیروی کرتے ہوئے ہر مفید شے کا اپنی مشرقی طب میں اضافہ کرتے جائیں۔

علم کسی قوم یا ملک کی میراث نہیں

ہندوستان و عرب کے عروج میں دیگر علوم کی طرح علم طب کو بھی بہت فروغ ہوا لیکن جب اہلِ ہند و عرب زمانے کی رفتار کے ساتھ نہ چل سکے تو تیز رو اقوامِ یورپ و امریکہ سے پیچھے رہ گئے۔ حتیٰ کہ اب علوم و فنون کی بجائے شاندار ماضی کی صرف حکایت اور افسانے باقی رہ گئے ہیں۔ جب کسی علم و فن کو بالکل مکمل و اکمل یا الہامی کتاب خیال کر لیا جاتا ہے تو اس غلطی کا لازمی نتیجہ یہی ہوتا ہے۔ کہ اس علم و فن کی ترقی رُک جائے۔ پس یہ ضروری ہے کہ غیر ملک کی مفید مطلب ادویہ سے بھی فائدہ اٹھایا جائے اور خذ ما صفا و دع ما کدر کے سنہری مسلک پر عمل کیا جائے۔ ہمارا تجربہ ہے کہ اکثر حالتوں میں مخلوط علاج زیادہ مفید پڑتا ہے۔ لیکن اس میں سب سے بڑی رکاوٹ یہی رہی ہے کہ ہمارے اکثر اطبائے نامدار انگریزی زبان سے قطعاً نابلد ہیں۔ پس انہی مشکلات کو دور کرنے کے لئے گھر کا ڈاکٹر یا ہوم ڈاکٹر لکھی گئی ہے۔ اسمیں ڈاکٹری علاج کی اپ ٹو ڈیٹ معلومات درج ہیں۔ نیز تیر بہدف ڈاکٹری نسخہ جات کا الگ ضمیمہ بھی شامل ہے۔ جنکی ترتیب و تدوین جناب ڈاکٹر عبدالحمید صاحب ایم بی ایس اور ڈاکٹر نصیر الدین صاحب جسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر کی مرہونِ منت ہے۔

حکیم مظفر حسین اعوان مؤلف کتاب ہذا

العلاج والامراض

کان کی بیماریاں

(سلسلہ کے لئے دیکھو رسالہ ماہ ستمبر ۱۹۳۹ء)

صمم (بہرہ پن) عام طور پر اس کی تین اقسام کی جاتی ہیں (۱) اونچا سننا یعنی کم سننا۔ بالکل نہ سننا پیدائشی بہرہ پن۔ اسکے اسباب ضعف دماغ۔ عام کمزوری خشکی۔ چوٹ۔ یا کسی زوردار آواز مثلاً توپ بندوق یا بجلی کی کڑک وغیرہ سے کان کے پردہ پر صدمہ پہنچنا۔ کان کے اندر میل جمع ہو جانا نیز بخار۔ جوڑوں کا درد چیچک خسرہ۔ آتشک وغیرہ امراض سے کان کے اندر پھنسی وغیرہ ہو جانے سے سماعت میں نقص پیدا ہو جاتا ہے۔ کان کے اندر پردوں کو خشک کرنیوالی ادویہ کا کثرت استعمال یا کسی صدمہ وغیرہ کا کان میں پیدا ہو جانا بھی اس مرض کا موجب ہو جاتا ہے۔ پیدائشی یا کبرسنی کی صورت میں یہ مرض عموماً لاعلاج ہوتا ہے۔ کان کا پردہ پھٹ جانے کی صورت میں بھی علاج مشکل ہوتا ہے۔

علاج۔ اگر کسی دوسرے مرض کی وجہ سے ہو تو اس کا علاج کرنا چاہیئے۔ علاوہ ازیں تنقیہ دماغ (اطریفل اسطوخودوس اس غرض کیلئے عام مستعمل ہے) کے بعد مقویات مثلاً خمیرہ گاؤزبان یا فوالادوغیرہ کا استعمال کرنا چاہیئے اور کان میں روغن کدو یا روغن بادام تلخ یا تیل میں پیاز جلا کر ڈالنا چاہیئے

۵۔ بثور گوش (کان کی پھنسیاں) یہ مرض بچوں کے لئے تکلیف دہ ہوتا ہے۔ کان کے اندر باہر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں پیدا ہو کر وہاں جلن اور خارش کی شکایت ہو جاتی ہے۔ اگر یہ مرض طول اور شدت پکڑ جائے تو خورد و کلاں دونوں کے لئے باعث تکلیف اور تشنج و ہذیان کا موجب ہو جاتا ہے۔ شدت مرض سے مریض بے چین رہتا ہے۔ اور کبھی یہ سوزش دماغی پردہ تک پھیل کر خطرناک نتائج کا موجب ہوتی ہے بعض اوقات اس مرض کے باعث مریض بہرہ ہو جاتا ہے۔

علاج۔ ابتداءً مصفیٔ خون ادویہ کا استعمال کرنا چاہیئے۔ مقام ماؤف پر رسوت۔ کافور اور افیون کا ضماد کرنا چاہیئے۔ برگ نیم کے جوشاندہ سے کان دھونا اور بنفشہ۔ مکوہ پوست خشخاس کو پانی یا دودھ میں جوش دے کر اس کی بھاپ دینا مفید ہوتا ہے۔ روغن بادام یا روغن گل کان میں ٹپکانا بھی مفید ہوتا ہے۔

فوائد۔ کان کے عام امراض میں غذا لطیف اور زود ہضم ہونی چاہیئے۔ ایسی غذا مضر ہے جس کے چبانے میں جبڑوں کو زیادہ حرکت کرنی پڑے۔ قبض کا خاص خیال رکھنا چاہیئے۔

مرض فالج (یعنی) ادھرنگ کیلئے

ہمارا آزمودہ نسخہ

از ویدراج کرشن دیال جی ویدشاستری امرتسر

ہڑتال ورقیہ ا تولہ لے کر کسی عمدہ مضبوط کھرل میں ڈالیں اور ۴ تولہ عمدہ سیاہ مرچ لے لیں پھر ہڑتال کو کھرل کرنا شروع کریں۔ اور اس میں سے ایک ایک کالی مرچ ڈلتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں۔ حتےٰ کہ کل سیاہ مرچیں ہڑتال میں پڑ جاویں۔ پھر بھی کھرل کرتے رہیں جب کھرل کرتے کرتے اکیس روز ہو جاویں۔ تو پھر اس مبارک دوا کو شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت ایک رتی سے ۴ رتی تک یہ مبارک دوا اور ۲ رتی عمدہ رس سندھور جسمیں چھ گنا گندھک جلا کر تیار کیا گیا ہو دونو کو ملا کر منقےٰ میں رکھکر دنمیں دو مرتبہ استعمال کرائیں اور کرشمۂ قدرت دیکھیں اگر فالج پرانا ہو اور مرض بڑھا ہؤا ہو تو اسی دوا میں ایک رتی سے ۲ رتی تک سفوف کچلہ درگھی بریان شدہ ملا کر استعمال کرائیں اس مبارک دوا سے ہم نے کئی مریض اچھے کئے ہیں۔ چھوٹے بچوں اور حاملہ مستورات پر آزمانے کا موقع نہیں ملا۔ نوعمر مریض یا بالکل نیا مریض تو اسکی چند خوراکوں سے ہی تندرست ہو جایا کرتا ہے۔ اسکے ہمراہ غذا خوب مرغن ہونی چاہیئے۔ اور اگر حالات اجازت دیں تو کبوتر سیاہ کا گوشت یا مرغ کا گوشت مریض کو خوب کھلانا چاہیئے۔ یہی مبارک دوا مرض لقوہ میں بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔ اس دوا کو یوگراج گوگل میں بھی ملا کر استعمال کرایا جا سکتا ہے۔ اسکے ہمراہ بیرونی طور پر نارائن تیل یا مہا ماکھا دی تیل وغیرہ کی مالش کر کے مقام مفلوج پر برگ اڈنڈ یا برگ مدار تیل سے چپڑ کر گرم کر کے لپیٹ دینے چاہئیں اور اوپر گرم فلالین یا روئی سے ڈھک کر باندھ دیں۔

مجربات آیورویدہ

تجاری اور چوتھیہ بخار - ملٹھی مقشر ۹ ماشہ - اجوائن خراسانی ۳ ماشہ ایکپاؤ پانی میں جوش دیں۔ حتے کہ صرف چھٹانک پانی رہ جائے - پھر چھان کر پلائیں - اس سے تجاری اور چوتھیہ بخار رک جاتا ہے لیکن پہلے مریض کو جلاب دے کر پیٹ صاف کر لینا چاہیئے ۔

موتی جھرا - جب دانے اچھی طرح سے نکل آئیں تو لسوڑہ کے سبز پتے ۴ عدد مٹی کے سکورہ میں عرق گاؤزبان ایکپاؤ ڈال کر بھگو دیں - جب مریض کو پیاس لگے تو یہی پانی مصری ڈال کر پلائیں دو تین روز میں بخار دور ہو جائے گا ۔

قے - مکھی کا براز - صندل سفید شہد ملا کر مریض کو چٹا دیں - اس سے سخت سے سخت قے بند ہو جاتی ہے - مگر مریض کو دوائی کے اجزا کا پتہ نہ ہونا چاہیئے ۔

بواسیر - کنگھی بوٹی کے پتے ۱۲ عدد سیاہ مرچ ۱۲ عدد پانی میں پیس کر بطور سردائی ایک ہفتہ پلائیں - خونی و بادی بواسیر کو آرام ہو جاتا ہے ۔

دمہ بلغمی - پارہ مصفی - گندھک مصفی - میٹھا تیلیہ مصفی مینسل مصفی - ترکٹا ۔

اول پارہ اور گندھک کی کجلی بنا لیں - پھر باقی ادویہ باریک پیس کر شامل کر دیں - یہ آیورویدک کا مشہور شواس کٹھار رس ہے - مقدار خوراک ایک رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ آب ادرک ۳ ماشہ شہد ملا کر دن میں دو تین مرتبہ استعمال کریں - جن مریضوں کو کثرت بلغم کی شکایت ہو یا مرض کا دورہ سردی کے موسم کے باعث ہے - اُن کے لئے آب حیات کا کام دیتا ہے - اگر دورہ موسم گرما میں ہو یا مریض کا مزاج صفراوی ہو تو شواس کٹھار دو رتی شربت بنفشہ ایک تولہ میں ملا کر دیں - اگر مزاج سوداوی ہو تو بقدر ایک رتی بادام روغن ۳ ماشہ میں شہد خالص ۳ ماشہ ملا کر دیں ۔

جس طرح ڈاکٹر صاحبان اس مرض میں دودھ کا استعمال کراتے ہیں - اس طرح قدیم آیورویدک معالجین نے اس مرض کیلئے گائے کے دہی کا میٹھا اور چھاچھ بہت مفید بتلایا ہے چون پراش اولیہ - جب بڑھاپے کے باعث دمہ کی تکلیف ہو تو یہ دوا بہت فائدہ کرتی ہے ۔

آگ سے جلنا۔ جلی ہوئی جگہ پر خالص شہد لگا دیا جائے۔ اس سے آبلہ نہیں پڑتا اور ٹھنڈک پڑ جاتی ہے

عظم الطحال۔ سر پھوکہ کی جڑ ۲ ماشہ خوب باریک پیس کر گائے کی چھاچھ کے ہمراہ کھلانے سے چند روز میں ہی بڑھی ہوئی تلی کو آرام ہو جاتا ہے۔ آیورویدک کا مستند نسخہ ہے۔

دیگر۔ کشتہ سنکھ ۲ رتی۔ کشتہ صدف مروارید ۱ رتی۔ کشتہ کوڑی زرد ۱ رتی۔ ہمراہ شیر گاؤ۔ صبح شام روزانہ کھلانا بڑھی ہوئی تلی کیلئے بے حد مفید ہے۔

پرمیہہ۔ پوست درخت مہوا ۱۰ ماشہ۔ سیاہ مرچ ۴ رتی بطور سردائی گھوٹ کر چند روز پئیں اس سے ہر قسم کا عسر العلاج پرمیہہ جریان رفع ہو جاتا ہے۔

بدھ۔ برگ سنبھالو گائے کے پیشاب میں اچھی طرح پیس کر گرم کر کے بدھ پر باندھ دیں۔

مضرت خام پارہ۔ کریلے کی جڑ بمقدار ایک تولہ پانی میں پیس کر سات روز تک پلانے سے پارہ کی مضرت دور ہو جاتی ہے۔

مٹاپا۔ شہد ۲ تولہ تازہ پانی بقدر یکپاؤ ملا کر ہر روز صبح خالی معدہ پئیں۔ ۴۰ روز میں مٹاپا دور ہو جائے گا۔

جل جانا۔ کچے آلو کو خوب پیس کر جلے ہوئے مقام پر لیپ کرنے سے درد اور جلن کو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔

نزول الماء۔ تخم نیلی کو شہد میں ملا کر روزانہ آنکھوں میں لگانے سے موتیا بند رک جاتا ہے۔

دیگر۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ ورق طلا ۶ ماشہ۔ دونوں کو نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر برابر چالیس روز تک خشک ہی کھرل کریں۔ پھر اسکو بطور سرمہ روزانہ استعمال کریں۔ شرطیہ علاج ہے۔

کچھرالی۔ برگد کا دودھ چند قطرے روئی کے پھایہ پر لگا کر کچھرالی پر باندھنے سے بہت جلد آرام ہو جاتا ہے

استقرار حمل۔ تخم شیولنگی ۱ ماشہ پیس کر ہمراہ شیر گاؤ روزانہ کھلانے سے استری کو حمل ٹھہر جاتا ہے۔

تسہیل ولادت۔ مقناطیس کا ٹکڑا عورت کی ران پر باندھنے سے بچہ نہایت آسانی سے پیدا ہوتا ہے

موسمی بخار۔ سورج مکھی کا پتہ جڑ یا پھول تازہ یا خشک اکیلا لیکر موسم کے لحاظ سے جوشاندہ یا خیساندہ بنا کر پلائیں انشاء اللہ فوراً صحت ہو گی۔

دمہ۔ برگ دھتورہ۔ برگ بھنگ۔ قلمی شورہ ہر سہ اشیا مساوی الوزن لیکر پیس کر درد را سفوف کر لیں۔ بوقت ضرورت ایک دو چٹکی سونف چلم میں بطور تمباکو ڈال کر استعمال کرائیں یا تمباکو پینے کے بنے ہوئے ولایتی پائپ میں ڈال کر دیں اسکے دھوئیں کے ۲۔۳ کش لگاتے ہی بلغم آسانی سے خارج ہو جاتا ہے۔ اور سانس کی تنگی بغیر فوراً جاتی ہے

ہمارا مطب!

ایک صاحب جن کی عمر ۴۰ سال تھی - امرتسر سے تشریف لائے اور بیان کیا - کہ ۵ - ۶ سال سے بواسیر کی تکلیف ہے - اور جس ریاح سے پیٹ پھول جاتا ہے - آج کل مرض نے شدت اختیار کر لی ہے - خون کافی مقدار میں گرتا ہے - مسے پھولے ہوئے ہیں جن میں سوزش اور درد اس قدر ہے کہ برداشت نہیں ہو سکتی - قبض بے حد ہے - کمزوری دن بدن بڑھتی جاتی ہے - بہت علاج کرا چکا ہوں ۔

تجویز ہوا کہ (۱) حب بواسیر اعد صبح شام پانی کے ہمراہ کھا لیا کریں - (۲) سفوف قبض کشا ۶ ماشہ بواسیری - رات کو سوتے وقت پاؤ بھر شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں - (۳) دوائی مسہ بواسیر مکھن میں ملا کر مسوں پر لگائیں - یہ دوائیں لے کر مریض امرتسر چلا گیا - اور صرف ایک ہفتہ کے بعد آ کر اس نے رپورٹ دی کہ اب آرام ہے - تکلیف بالکل نہیں - خون بند ہو گیا ہے مسے مرجھا گئے ہیں - اجابت روزانہ ہو جاتی ہے مگر مشورہ دیا گیا - کہ کم از کم چالیس روز علاج بدستور جاری رکھیں - تاکہ مرض دوبارہ عود نہ کرے ۔

خاندانی طبیب (نوجوان مریض سے) تمہارے دل کی حرکت ٹھیک نہیں ہے لیکن ہاں تمہیں انجائنا پیکٹورس (درد دل) سے تکلیف رہ چکی ہے - نوجوان مریض نے سرد آہ بھری اور کہا ہاں ڈاکٹر یہ درست ہے لیکن آپ نے اس عورت کا نام انجائنا پیکٹورس بالکل ٹھیک نہیں بتایا ۔

علم الادویہ

سنا

سنا کا استعمال بطور مسہل کے عرصہ دراز سے جاری ہے۔ چنانچہ ۱۵۵۰ سال قبل از مسیح مصر میں جاری تھا۔ اور ایک مصری طبی کتاب "ایبرس پیپی رس" نامی میں اس کا ذکر ملتا ہے۔ نویں اور دسویں صدی میں عربوں کے عروج کے زمانہ میں سنا کے فوائد کا علم انہیں حاصل تھا۔ جو سپین سے لے کر ہندوستان تک پھیل گیا۔

۸۵۰ء سے ۹۰۰ء کے قریب اسحاق جوڈس مصری نے لکھا۔ کہ بہترین سنا وہ ہے جو مکہ میں پیدا ہوتی ہے۔ مکہ معظمہ کی صحرائی سنا جنوب عرب میں پیدا ہوتی ہے۔ عربوں نے سنا کی طبی تاثیر و استعمالات اور طب یونانی سے یورپ کو روشناس کیا۔

حکمائے عرب اور یورپ ازمنۂ وسطہ سے سنا کی پھلیوں کو سنا کے پتوں پر ترجیح دیتے رہے ہیں۔ بوقت ضرورت ۱۱-۱۲ پھلیاں بطریق چائے پکا کر پینے سے ایکدو اجابتیں کھل کر جاتی ہیں۔ کثرت حیض بواسیر اور احتلام کے مریضوں کیلئے بوجہ محرش ہونے کے مضر ہے۔

علم الاغذیہ

پنجابی بہترین غذا کھاتے ہیں

کرنل میکریسن سی-آئی-ای، کے-ایچ-پی، آئی-ایم-ایس ڈائرکٹر نیوٹرشنل ریسرچ پاسچر انسٹی ٹیوٹ کونور ہندوستان کی مختلف قوموں اور نسلوں کی غذاؤں کی تحقیقات کے بعد اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ہندوستان میں بہترین قسم کی طاقتور غذا وہ ہے جو اعلیٰ طبقہ کے پنجابی استعمال کرتے ہیں۔ اس غذا میں اعلےٰ غذائیت ہونیکی یہ وجہ ہے کہ اس میں گندم کے ساتھ دودھ اور اس سے بنی ہوئی اشیا افراط کیساتھ ملی ہوتی ہیں۔ دودھ اور اس سے بنی ہوئی اشیا نہ ہونے سے نہ صرف انکی غذائیت میں فرق پیدا ہوجائیگا۔ بلکہ یہ نقصان دہ بھی ثابت ہوگی۔ دودھ اور دودھ سے بنی ہوئی اشیا کے استعمال کو ترک کردینے یا انہیں ناکافی مقدار میں استعمال کرنیکا ایک نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مثانہ میں پتھری پیدا ہوجاتی ہے۔ پس اگر پنجاب کے لوگ اپنی غذا کو اعلیٰ اور ممتاز حیثیت کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو انہیں چاہئیے کہ وہ اپنی غذا میں دودھ اور اس سے بنی ہوئی اشیا کے عنصر

تحقیقاتِ جدیدہ

ٹنکچر آیوڈین کا نیا استعمال

اکثر اطبا یہ جانتے ہیں۔ کہ ٹنکچر آیوڈین ورم لوز تین۔ ورم لثہ۔ متورّم غدود۔ معمولی خراش اور چوٹ پر لگایا جاتا ہے۔ لیکن امریکہ کے آرمی میڈیکل اسکول کے پرنسپل نے ایک نئی بات دریافت کی ہے۔

وہ لکھتے ہیں کہ تپ محرقہ کے جراثیم کو ہلاک کرنے میں ٹنکچر آیوڈین بہت مؤثر ہے۔ اور اس کا ایک قطرہ ایک سیر پانی کو صاف کر کے پینے کے قابل بنا دیتا ہے۔ تپ محرقہ کے مریضوں کو مندرجہ بالا طریقہ سے صاف کیا ہوا پانی دینا چاہیئے۔ بلکہ چھوت سے بچنے کے لئے گھر کے تمام لوگ یہی صاف شدہ پانی پیتے رہیں ﴿

ٹنکچر آیوڈین بنانے کا طریقہ

پوٹاسیم آیوڈائڈ ایک ڈرام۔ آیوڈین پیوبر ایک ڈرام۔ پانی ایک ڈرام ملا کر کھرل کریں۔ بعد ازاں میتھی لیٹیڈ سپرٹ ۵ اونس اضافہ کر دیں۔ بس ٹنکچر آیوڈین تیار ہے

ایک ماہرِ نفسیات نے پوچھا "اگر تمہیں معلوم ہو جائے کہ صرف تین ماہ زندہ رہو گے۔ تو تب کیا کرو گے"۔ غالباً ہم متفکر اور سراسیمہ ہو کر ایک ہفتے کے اندر ہی مر جائیں گے ﴿

بوڑھے آدمیوں میں مزمن قبض اکثر اوقات میزنہ معاء مستقیم میں پاخانہ اکٹھا ہوتے رہنے کی وجہ سے ہوا کرتی ہے۔ پاخانہ سخت ہو کر بڑی بڑی مینگنی یا لڈو کی شکل اختیار کر لیتا ہے جس کو دستانہ دار انگلی سے نکالا جائے۔ مگر اس عمل کے بعد قریباً چار اونس زیتون کا تیل معاء مستقیم میں داخل کر دینا چاہیئے۔

حنجرے اور منہ کی سل اکثر سل ریوی یعنی پھیپھڑوں کی سل کی پیچیدگی سے پیدا ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ یہ ایک بڑی علامت سمجھنی چاہیئے۔

اگرچہ نیومونیا قریباً ساٹھ فیصدی حالتوں میں اچانک ظاہر ہوا کرتا ہے۔ لیکن ہمیشہ اوپر کے آلات تنفس کے انفکشن کی سابقہ ہسٹری موجود ہوا کرتی ہے۔

بارہ سال سے کم عمر کے بچوں کو دوا دینے کا قاعدہ

نہایت اور عمدہ آسان طریق یہ ہے کہ طفل کمسن کی عمر میں ۱۲ کا اضافہ کریں اور حاصل جمع سے بچے کی عمر کو تقسیم کریں اور حاصل تقسیم یا خارج قسمت کو جوان آدمی کی خوراک سے ضرب دیں حاصل ضرب بچہ کی مقدار خوراک ہے۔ مثلاً طفل کی عمر ۴ سال ہے۔ اور ایک جوان آدمی کے لئے مقدار خوراک کا وزن چھ ماشہ مقرر ہے تو بچے کی خوراک کیا ہو گی؟ عمر ۴ سال میں ۱۲ کا عدد بڑھا دیا تو مجموعہ ۱۶ ہوا۔ یعنی $\frac{4}{4+12} = \frac{4}{16} = \frac{1}{4}$ بچے کی عمر ۴ سال کو مجموعہ ۱۶ سے تقسیم کیا تو $\frac{1}{4}$ آیا۔ چونکہ جوان آدمی کی مقدار خوراک ۶ ماشے ہے۔ اس لئے $\frac{1}{4}$ کو ۶ سے ضرب دیا تو $\frac{3}{2}$ آیا۔ یعنی $1\frac{1}{2}$ ماشہ۔ ۱۲ سال سے لیکر ۱۸ سال تک جوان آدمی کی مقدار خوراک کا $\frac{1}{2}$ یا $\frac{3}{4}$ حصہ اور ۱۸ سے ۲۱ سال کی عمر میں پوری خوراک کا $\frac{3}{4}$ حصہ دیا جائے۔

نوزائیدہ بچوں کو دس روز تک غسل نہ دینے اور نہ تیل ہی ملنے سے جلدی امراض پیدا ہونے کا امکان کم ہو جاتا ہے۔ نوزائیدہ بچہ پر جو خون لگا ہوتا ہے۔ اس کو سٹیریلائزڈ یعنی جراثیم سے پاک کئے ہوئے کپڑے سے پونچھ دینا چاہیئے۔ ۴۸ گھنٹے کے اندر اندر جلد کے سفید چھلکے وغیرہ خود بخود دور ہو جاتے ہیں۔ اور جلد نہایت اچھی حالت میں رہ جاتی ہے۔

پُرانی کھانسی

پُرانی کھانسی کے بارے میں یہ بات یاد رہے کہ یہ ہمیشہ ہی پُرانی سیٹوسائیٹس کیوجہ سے نہیں ہوتی۔ بالخصوص بچوں میں ان کے گلوں کی پُرانی بیماری بھی اکثر اوقات بار بار کھانسنے کی وجہ ہوا کرتی ہے۔

پُرانے آلو

تازے آلوؤں میں بہ نسبت ایک ماہ یا زیادہ عرصے کے آلوؤں کے "وٹامین سی" زیادہ ہوتی ہے۔

ایکس رے کی اہمیت

صرف نیویارک شہر میں ہر تین ہفتہ کے اندر اندر ۶۶۸۰۰ آدمیوں کا سل دق کی روک تھام کے لئے ایکس رے سے معائنہ کیا جاتا ہے۔

نیند میں بچوں کا بڑھ جانا

بچوں کو ناپنے سے معلوم ہوا ہے کہ بچوں کو دو گھنٹے کی نیند کے بعد ناپا جائے۔ تو وہ قریباً آدھ انچ غیر معمولی طور پر لمبے پائے جائیں گے۔ حالانکہ یہ لمبائی کھیل کود اور جاگنے کی حالت میں نہیں ہوتی۔

سلفا ابنی لاما مُاٹڈ کا استعمال۔ اس نئی دوا کے ساتھ کوئی دوسری دوا نہیں دینی

چاہیئے ۔صرف سوڈا بائی کارب (۵ سے ۱۰ گرین تک) ہر خوراک کے ساتھ یا ایک چمچہ خورد سوتے وقت دیا جا سکتا ہے ۔نیز دورانِ استعمال ہر قسم کی شراب بھی منع ہے ۔کیونکہ یہ اس دوا کے ساتھ "سر جیسٹک" ہے ::

بال گھنگریالے بنانا ۔ تھوڑا سا موم زرد اصلی روغن زیتون میں گلالیں اور نیچے اتار کر حسب پسند کوئی خوشبو ملا دیں ۔ یہ تیل بالوں میں لگا کر پھر گھونگر ڈالنے والی قینچی سے حسب منشا بالوں کو موڑ لیں ۔ اس ترکیب سے چند روز میں گھونگر والے بال بن جائینگے

پانی کی اہمیت

زمانۂ حال میں پینے کا پانی بہت برائیوں اور خوبیوں کا منبع خیال کیا جا رہا ہے چنانچہ آبِ مقطر دانتوں کے لئے نقصان دہ ثابت ہوا ہے ۔ اسی طرح قدرتی پانی یعنی خاص چشموں کا پانی جن میں فلیورائیڈز (FLUORIDES) کافی مقدار میں موجود ہوں دانتوں کو نقصان دیتا ہے ۔ یہ انکو داغدار اور بوسیدہ کر دیتا ہے جس پانی میں کیلسیم اور فاسفیٹ ہوتے ہیں ۔ دھونے کے لئے ٹھیک نہیں لیکن جسم انسان کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے ۔ آج کل یورپ کے کیمیا دانوں نے دریافت کیا ہے کہ بعض الرجک امراض مثلاً دمہ ۔ ایکزیما نقلب الجلد وغیرہ زیادہ تر ان علاقوں میں پائے جاتے ہیں ۔ جہاں پینے کے پانی میں حل شدہ نمکوں کی کمی ہو ۔ ایسے پانی میں کیلسیم اور خصوصاً میگنیشیم کے نمک ڈال کر اس کمی کو رفع کیا جاتا ہے ۔ تو فوراً مرض کا ازالہ ہو جاتا ہے ۔ ان حالات سے ظاہر ہے کہ ہمیں حفظانِ صحت کے رُو سے "خالص پانی" کی تعریف پر نظرِ ثانی کرنے کی ضرورت ہے ::

پکرک ایسڈ کے داغوں کو دُور کرنا

ایک جرمن کیمسٹ کو اتفاقیہ معلوم ہوا ۔ کہ پکرک ایسڈ کے داغوں کو جلد پر سے کولوڈین لگا کر دور کیا جا سکتا ہے جہاں داغوں پر کولوڈین لگائی جائے اور اُسے سوکھنے دیا جائے ۔ وہاں ایک پتلی جھلی بن جاتی ہے جسکے اتارنے سے پکرک ایسڈ ساتھ آجاتا ہے اور جلد ملائم اور صاف رہ جاتی ہے ۔

سوالات مع جوابات

جو حضرات حکیم صاحب قبلہ سے بواپسی ڈاک مشورہ حاصل کرنا چاہیں۔
انہیں ہر سوال کے ساتھ ۲ ر کا ٹکٹ بھیجنا ضروری ہے۔ رسالہ کے ذریعہ جواب
دینے کی فیس صرف ۱ ر فی سوال لی جاتی ہے۔ (مینیجر)

س۔ میری عمر اس وقت بائیس سال ہے۔ اوائل عمری میں جلق کی عادت میں گرفتار ہو گیا تھا لیکن اس کے بُرے نتائج کا علم ہونے پر میں نے توبہ کر لی۔ مجھے دو سال سے جریان و احتلام کی شکایت ہو گئی ہے۔ ج۔ اکسیر احتلام ایک رتی ۱۲ بجے دوپہر۔ ۴ بجے شام اور ۸ بجے شام ہمراہ سرد پانی دس روز کھائیں۔ اسکے بعد حب دافع جریان بارہ روز تک کھائیں خدا چاہے صحت ہو جائیگی۔

س۔ میرے پیشاب میں مثل چونہ کے سفید غلیظ مادہ خارج ہوتا ہے اور جس جگہ پیشاب کرتا ہوں وہاں سفیدی جم جاتی ہے۔ مہربانی کر کے علاج تجویز فرمائیے۔ ج۔ آپ کا ہاضمہ خراب ہے سادہ اور ہلکی غذا بھوک سے کم کھائیں اور اکسیر فاسفیٹ چار رتی قدرے پانی میں حل کر کے صبح شام استعمال کریں۔ خدا چاہے یہ شکایت دور ہو جائیگی۔

س۔ میری لڑکی تخمیناً دو سال کی ہے۔ دو ہفتہ سے اس کے منہ میں سفید چھالے پیدا ہو گئے ہیں۔ جس سے کھانے پینے میں سخت تکلیف ہے کوئی آسان اور مجرب نسخہ تجویز فرمائیے۔

ج۔ بنس لوچن۔ کتھا سفید۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ گاؤ زبان کی پتی نیم سوختہ ۱۰ ماشہ باریک پیس کر سفوف بنا لیں اور ایک چٹکی لے کر دن میں تین چار مرتبہ بچہ کے منہ میں مل دیا کریں۔

ادویہ مجوزہ:۔

صنعت و حرفت

میٹھے کا مُرَبّہ

چار سیر میٹھے کو کاٹ کر اس کے ٹکڑے کریں اور ان ٹکڑوں کو چھیل کر صاف کر کے کسی کانٹے سے اچھی طرح گو دلیں پھر ۶ ماشہ پھٹکڑی ۳ سیر پانی میں ملا کر جوش دیں جب ٹکڑے خوب گداز ہو جائیں تو انہیں پانی سے نکال کر کھانڈ یا شکر کے گاڑھے قوام میں ڈال کر خوب پکائیں۔ جس قدر ٹکڑے ہوں۔ اس کے مطابق قوام تیار کریں۔ اور حسب ضرورت خوشبو یا رُوح وغیرہ ملا سکتے ہیں۔ مربہ تیار ہے ﴿ (سورج پرکاش)

بلو بلیک سیاہی

اصلی جرمنی بلیو رنگ ۳ تولہ۔ ہیراکسیس ۳ تولہ۔ پھٹکڑی ۶ ماشہ۔ پانی ایک سیر۔ اُوپر لکھی ہوئی تینوں چیزیں پانی میں حل کر کے آگ پر خوب اچھی طرح پکائیں جب پانی اچھی طرح پک جائے تو کپڑے میں چھان لیں اور سرد ہونے پر بوتلوں میں بھر لیں۔ عرصہ تک پڑا رہنے پر بھی اس میں پھپھوندی یا سڑاند پیدا نہیں ہوتی۔ نہایت آسان اور عمدہ نسخہ ہے ﴿

اقوال الحکما

(۱) جس شہر میں حکیم اور حاکم نہ ہو وہاں سکونت نہ رکھنی چاہیئے۔

(۲) کھانسی اُم الامراض ہے یعنی تمام بیماریاں کھانسی سے پیدا ہوتی ہیں۔

(۳) پیش طبیب مرد۔ پیش تجربہ کار برو۔ ناتجربہ کار طبیب سے علاج کرانا خطرات سے خالی نہیں

(۴) کھانے کے بعد دن کو قیلولہ کرنا اور رات کو سونا مناسب ہے (قیلولہ کھانا کھانے سے تھوڑی دیر بعد ذرا دیر سے سونے کو کہتے ہیں۔

(۵) مُرجھائے ہوئے درخت موسم بہار میں تر و تازہ ہو جاتے ہیں۔ اور ان پر نئے سرے سے شباب کا آغاز ہوتا ہے۔ مگر انسان کی جوانی نہیں لوٹتی۔

(۶) آفتاب کی روشنی حیوانی زندگی کا سرچشمہ ہے (۷) وہم کی دوا لقمان کے پاس بھی نہیں

(۸) مرض اور دشمن کو کبھی حقیر نہ سمجھے

(باقی)

"بدن میں طاقت وتوانائی اور بے تحاشا خون صالح پیدا کرنیوالی کیمیائی غذا"

موسومہ بہ

عرق ماء اللحم انگوری دو آتشہ

چہرہ سیب کی مانند لال اور آفتاب جہانتاب کیطرح پُرجلال کر دیتا ہے

عالیجاہ! موسم سرما کے دنوں میں جوش انبساط اور فرحت کمال پیدا کرنیوالی ایک تحفۂ بے بہا کے سلسلہ میں ہم آپکے چند قیمتی منٹوں کی سمع خراشی کیلئے عجز وانکساری کے ساتھ اظہار معذرت کرتے ہیں۔ اور آپکی طوالت عمری اور بحالی طاقت کی بنا پر موسم کے عین موقعۂ مناسب پر آپکو یہ مفید مشورہ دینے کی جرأت کرتے ہیں کہ آپ اس عریضۂ ہمدردی کو پڑھکر ان دنوں عرق ماء اللحم انگوری دو آتشہ کی بوتلیں منگا کر نوش جان فرمائیں اور سال بھر کے لئے تندرست اور جوان ہو جائیں۔ جسم کا گندہ خون اس سے صاف ہو کر بدن میں بے تحاشا خون صالح پیدا ہونے لگتا ہے۔ چہرہ پر سُرخی اور اعصاب میں مضبوطی اس عرق کا طبعی اثر ہے۔ اس سے انسان کا دماغ ہر وقت تازہ اور فرحت وانبساط کی پُرجوش لہروں سے چہرہ پھول کی مانند کھلا رہتا ہے۔

